
سیرت النبی ﷺ (کامل)

ابن ہشام رحمہ اللہ

جلد اوّل



ادارۂ اسلامیات ○ ۱۹۰- انارکلی لاہور

فون : ۷۲۴۳۹۹۱- ۳۵۳۲۵۵

رحمتِ دو عالم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ پر

معروف و مستند کتاب کا اردو ترجمہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (کامل)

ابنِ ہشام

جلدِ اوّل

تالیف

محمد بن اسحاق بن یسار — ابو محمد عبد الملک بن ہشام

م ۱۵۱ھ — م ۲۱۳ھ

اردو ترجمہ

سید یٰسین علی حسنی نظامی دہلوی

تہذیبِ جدید

سعود اشرف عثمانی

اِدارۂ اسلامیات

پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

نام کتاب ———— سیرت ابن ہشام جلد اول
طباعت سوم ———— مئی ۱۹۹۶ء
باہتمام ———— اشرف برادران سلمہم الرحمٰن
ناشر ———— ادارۂ اسلامیات - لاہور
تعداد ———— ایک ہزار
مطبع ————
کتابت ———— مشتاق احمد جلالپوری
قیمت ————

ادارۂ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

★ موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی فون ۲۷۲۲۴۰۱
★ ۱۹۰ انارکلی، لاہور، پاکستان فون ۷۲۴۴۹۹۱ - ۷۳۵۳۲۵۵
★ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور

ملنے کے پتے

ادارۂ اسلامیات - ۱۹۰ - انارکلی لاہور
دارالاشاعت - اردو بازار - کراچی
ادارۃ المعارف - جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی
مکتبہ دارالعلوم - کورنگی کراچی

باب ۱

حضور سید المرسلین خاتم النبیین محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نامہ حضرت آدم علیہ السلام تک

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَوَاتُہٗ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

"سب تعریفیں پروردگارِ کل عالم کے واسطے ہیں اور اس کی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمدؐ اور ان کی تمام آل پر ہوں۔"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شجرۂ نسب

ابن ہشام لکھتے ہیں کہ یہ کتاب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور خصلت اور آداب و حالات پر مشتمل ہے اور آپؐ کا شجرۂ نسب یہ ہے :-

"محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب (عبدالمطلب کا نام شیبہ ہے) بن ہاشم (ہاشم کا اصل نام عمرو ہے) بن عبد مناف (عبد مناف کا اصل نام مغیرہ ہے) بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ (ان کا اصل نام عامر ہے) بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اُود بن مقوم بن ناحور بن تیرح بن یعرب بن یشجب بن نابت بن اسماعیل بن ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بن تارح (جن کو آزر کہتے ہیں) بن ناحور بن ساروح بن راعو بن فالخ بن عیبر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (یہی ادریس پیغمبر ہیں اور انہی کو پہلے نبوت ملی ہے اور انہی نے قلم سے لکھنا ایجاد کیا ہے) بن یرد بن مہلیل بن قینان